StudentBounty.com 2010

Roll No. | | | | | | |        Answer Sheet No. ____________

Sig. of Candidate: ____________        Sig. of Invigilator: ____________

# اردُو (لازمی) - ایچ ایس سی-I

## (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 25 منٹ        حصہ اوّل (کل نمبر: 20)

نوٹ: حصہ اوّل لازمی ہے۔ اس کے جوابات پرچے پر ہی دیے جائیں گے۔ اس کو پہلے پچیس منٹ میں مکمل کر کے ناظم مرکز کے حوالے کر دیا جائے۔ کاٹ کر دوبارہ لکھنے کی اجازت نہیں ہے۔ لیڈ پنسل کا استعمال ممنوع ہے۔

سوال نمبر۱: دیے گئے الفاظ یعنی الف / ب / ج / د میں سے درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔

(i) 'مس چڑیا' کی کہانی کس نے لکھی؟

الف۔ پطرس بخاری　ب۔ خواجہ حسن نظامی　ج۔ سعادت حسن منٹو　د۔ ہاجرہ مسرور

(ii) 'اُم الخبائث' کسے کہتے ہیں؟

الف۔ پانی　ب۔ دودھ　ج۔ شراب　د۔ چائے

(iii) شیریں کے کیا معنی ہیں؟

الف۔ کھٹا　ب۔ میٹھا　ج۔ کڑوا　د۔ پھیکا

(iv) کون سا جذبہ بیگمات میں صلح کا ذریعہ بن گیا؟

الف۔ والدین سے محبت　ب۔ اولاد سے محبت　ج۔ بہن سے محبت　د۔ بھائی سے محبت

(v) اللہ تعالیٰ نے نماز کا تحفہ کس رات میں عطا کیا؟

الف۔ شب برات　ب۔ شب قدر　ج۔ شب معراج　د۔ شب جمعہ

(vi) علامہ اقبالؒ نے کس دوست کو خط لکھا؟ (بحوالہ شاملِ نصاب 'مکتوبِ اقبال')

الف۔ مولانا گرامی　ب۔ حضرت اعلیٰ　ج۔ گرامی صاحب　د۔ بابا گرامی

(vii) نظم ''شامِ رنگین'' کس نے لکھی؟

الف۔ علامہ اقبال　ب۔ آتش　ج۔ حفیظ جالندھری　د۔ نظیر اکبر آبادی

(viii) 'کوہ و دمن'، 'شام و سحر' کیا ہیں؟

الف۔ تلمیح　ب۔ تشبیہ　ج۔ مرکب عطفی　د۔ استعارہ

(ix) ایک چیز کو دوسری چیز کے مشابہ قرار دینا یا مثال دینا کیا کہلاتا ہے؟

الف۔ استعارہ　ب۔ قافیہ　ج۔ ردیف　د۔ تشبیہ

(x) غزل کے لغوی معنی کیا ہیں؟

الف۔ عورتوں سے متعلق باتیں　ب۔ مردوں سے متعلق باتیں　ج۔ بچوں سے متعلق باتیں　د۔ بوڑھوں سے متعلق باتیں

(xi) جابر بن حیان کون تھا؟

الف۔ ریاضی دان　ب۔ کیمیا دان　ج۔ معاشیات دان　د۔ قانون دان

(xii) ہاجرہ مسرور نے اپنے افسانے 'ایک کہانی بڑی پرانی' میں کس معاشرتی المیے کو موضوع بنایا ہے؟

الف۔ دشمنی　ب۔ غربت　ج۔ طلاق　د۔ بے روزگاری

StudentBounty.com 2010

(xiii) علامہ اقبالؒ نے ''خطاب بہ جوانانِ اسلام'' کے پہلے شعر میں مسلم نوجوان سے کیا کہا ہے؟

الف۔ تدبر بھی کیا تو نے    ب۔ تصور بھی کیا تو نے    ج۔ ارادہ بھی کیا تو نے    د۔ تحیر بھی کیا تو نے

(xiv) ہم آواز لفظوں میں ہر لفظ ایک دوسرے کا ______ ہوتا ہے۔

الف۔ ردیف    ب۔ تخلص    ج۔ غزل    د۔ قافیہ

(xv) ایسی نظم جس میں حضور ﷺ کی تعریف کی جائے کیا کہلاتی ہے؟

الف۔ غزل    ب۔ حمد    ج۔ نعت    د۔ قصیدہ

(xvi) ''قرع'' عموماً کس شکل کا ہوتا ہے؟

الف۔ بوتل    ب۔ صراحی    ج۔ بالٹی    د۔ گھڑے

(xvii) ''منظور'' کس کی تصنیف ہے؟

الف۔ سعادت حسن منٹو    ب۔ پریم چند    ج۔ پطرس بخاری    د۔ علامہ اقبال

(xviii) 'بیرسٹر صاحب اچھے بھی نگران کی صحبت سے ہمارا تو ______ ہو گیا'۔ (بحوالہ سبق۔ مس چڑیا کی کہانی)

الف۔ نقصان    ب۔ ستیاناس    ج۔ کباڑا    د۔ خاتمہ

(xix) چڑے چڑیا نے تنکوں اور سوت کا کیا بچھایا؟

الف۔ تخت    ب۔ چارپائی    ج۔ چادر    د۔ فرش

(xx) کس میں الفاظ اپنے حقیقی معنوں میں استعمال ہوتے ہیں؟

الف۔ استعارے    ب۔ محاورہ    ج۔ روزمرہ    د۔ تشبیہ

---

برائے ممتحن :    کل نمبر: 20    حاصل کردہ نمبر: [ ]

1HA -1052

StudentBounty.com
2010

# اردو (لازمی)۔ ایچ ایس سی-I
## (برائے اطفال محروم سماعت و گویائی)

وقت: 2:35 گھنٹے — کل نمبر حصہ دوم اور سوم 80

## حصہ دوم (کل نمبر 48)

سوال نمبر ۲: مندرجہ ذیل میں سے بارہ (12) سوالات کے تین سے چار سطروں تک محدود جوابات تحریر کیجیے: (12 x 4 = 48)

(i) چمپا کی کس بات نے پرکاش کو سوچنے پر مجبور کیا؟
(ii) پریم چند کے افسانے ''زیور کا ڈبا'' کا انجام کیا ہے؟
(iii) اختر کا مرض کیسا تھا؟
(iv) محلے والوں کو بیگم راجا اور بیگم خواجہ کی لڑائی میں لطف کیوں نہیں آتا تھا؟
(v) تجربے کی کیا اہمیت ہے؟
(vi) دھاتوں کے متعلق جابر بن حیان کا کیا نظریہ تھا؟
(vii) منشیات کے متعلق اسلام کا نقطہ نظر کیا ہے؟
(viii) انسانی صحت اور اخلاق پر منشیات کے کیا اثرات پڑتے ہیں؟
(ix) مالکن کراچی کیوں نہیں جانا چاہتی تھی؟ (بحوالہ سبق۔ ایک کہانی بڑی پرانی)
(x) چڑے نے انسان کے متعلق کیا بات کہی تھی؟
(xi) مطلع کسے کہتے ہیں؟
(xii) بیگم راجا اور بیگم خواجہ کا جھگڑا کس وجہ سے شروع ہوتا تھا؟
(xiii) تعزیت نامہ سے کیا مراد ہے؟
(xiv) شاملِ نصاب حمد کے حوالے سے اللہ کی چند صفات بیان کریں۔
(xv) 'دوئی' سے کیا مراد ہے؟
(xvi) تخلص کسے کہتے ہیں؟

## حصہ سوم (کل نمبر 32)

سوال نمبر ۳: سبق اور مصنف کا حوالہ دیتے ہوئے کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے: (1 + 1 + 4 = 6)

الف۔ رات کو وہ اختر سے دیر تک خوشی سے بھرپور ننھی ننھی معصوم باتیں کرتا رہا۔ آخر سو گیا۔ اختر جاگتا رہا اور سوچتا رہا کہ منظور کب تک ٹھیک ہوگا۔ کیا دنیا میں کوئی ایسی دوا موجود نہیں ہے جو اس پیارے بچے کو تندرست کر دے۔ اس نے اس کی صحت کے لیے صدقِ دل سے دعائیں مانگیں۔

ب۔ اس نے اپنی کیمیا کی کتابوں میں فولاد بنانے، چمڑے کو رنگنے، دھاتوں کو مصفا کرنے.....، بالوں کو سیاہ کرنے کے لیے خضاب تیار کرنے اور اس قسم کی بیسیوں مفید اشیاء بنانے کے طریقے بیان کیے ہیں۔...جابر کے لیے ان کارآمد اشیاء کا تیار کر لینا صنعتی کیمیا میں اس کے اعلیٰ علم اور بے مثل فنی مہارت کی دلیل ہے۔

سوال نمبر ۴: کسی ایک جزو کی تشریح کیجیے شاعر کا نام اور نظم کا عنوان بھی لکھیے: (1 + 1 + 5 = 7)

الف۔
دل جس سے زندہ ہے وہ تمنا تمھی تو ہو
ہم جس میں بس رہے ہیں وہ دنیا تمھی تو ہو
پھوٹا جو سینۂ شبِ تارِ الست سے
اس نورِ اولیں کا اجالا تمھی تو ہو

ب۔
سب ہیں اسی کے حکم سے دن ہو کہ رات ہو
شامِ خزاں اسی کی ہے، صبحِ بہار بھی
قدرت سے اس کی گرمِ سفر ہیں یہ مہر و ماہ
موجِ نسیم بھی ہے، رواں آبشار بھی

سوال نمبر ۵: کوئی سے دو سوالات کے جواب دیں: (4)

(i) نظم ''خطاب بہ جوانانِ اسلام'' کا مرکزی خیال تحریر کیجیے۔
(ii) آتش نے پہلی غزل کے تیسرے شعر میں اپنے متعلق کون سی خاص بات بیان کی ہے؟
(iii) نصاب میں شامل مرزا داغ کی غزل کے قافیے اور ردیف لکھیں۔

سوال نمبر ۶: کسی ایک عنوان پر کہانی لکھیں: (5)

(i) پیاسا کوا
(ii) لالچ بری بلا ہے

سوال نمبر ۷: اپنے دوست کو تحفہ کا شکریہ کا خط لکھیں۔ (5)

سوال نمبر ۸: اپنے پرنسپل کے نام ہاسٹل میں داخلے کے لیے درخواست لکھیے۔ (5)